**05.09.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

..................................................................................

- ☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ طلباء میں اخلاقی اقدار کو فروغ دینا اساتذہ کا فرض ہے۔ صدر جمہوریہ نے آج اساتذہ کے دن کے موقع پر 82 ٹیچرس کو قومی ایوارڈ سے سرفراز کیا۔
- ☆ بھارت اور سنگاپور نے مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی بھارت کی پالیسی کو بڑی تقویت دیتے ہوئے اپنے تعلقات کو جامع کلیدی ساجھے داری کی سطح پر لے جانے سے اتفاق کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کو مزید وسعت دینے پر بھی زور دیا ہے۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے مسلح افواج سے کہا ہے کہ وہ مختلف ملکوں میں جاری محاذ آرائی اور لڑائی کے تناظر میں امن کو برقرار رکھنے کی خاطر کسی بھی طرح کے ناگہانی حالات کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہیں۔
- ☆ ریزرو بینک کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا ہے کہ بھارتی معیشت ترقی اور افراطِ زر کے درمیان سازگار توازن برقرار رکھتے ہوئے مالی استحکام کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔
- ☆ مرکزی سرکار نے دلّی قومی راجدھانی خطے اور ممبئی میں 35 روپئے فی کلوگرام کی رعایتی شرح پر پیاز کی خردہ فروخت شروع کردی ہے۔ دیگر شہروں میں بھی جلد ہی یہ سہولت شروع کی جائے گی۔
- ☆ اور پیرس پیرالمپکس میں بھارت کے Judo کھلاڑی کپل پرمار نے مردوں کے 60 کلوگرام زمرے کے J-One مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارت اب تک 25 تمغے حاصل کرچکا ہے۔

..................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### ***Prez Teacher***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ بچے، ملک کا مستقبل ہیں اور اُن میں اخلاقی اقدار کو فروغ دینا اساتذہ کا فرض ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ طلبا میں اندازِ فکر کی صلاحیت کو بڑھاوا دینا اور معاشرے کے تئیں ذمے داری کا احساس پیدا کرنا بھی اساتذہ کا فرض ہے۔ صدر جمہوریہ آج شام نئی دلّی میں 82 ٹیچرس کو 2024 کے

قومی ایوارڈ عطا کرنے کے بعد اظہارِ خیال کر رہی تھیں۔ محترمہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا کہ خواتین کیلئے احترام صرف الفاظ میں ہی نہیں بلکہ عملی طور پر بھی نظر آنا چاہیئے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں خواتین کا درجہ اُس کی ترقی کا ایک اہم پیمانہ ہوتا ہے۔

S/B 2100 Prez Women Education

صدر جمہوریہ نے ٹیچروں سے کہا کہ طلباء کی نئی نسل سے ایک ترقی یافتہ بھارت جنم لے گا۔ انھوں نے اساتذہ اور طلباء کو صلاح دی کہ وہ عالمی سطح کا اندازِ فکر اور ہنر اختیار کریں۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ عظیم ٹیچر ایک عظیم ملک کی تعمیر کرتے ہیں اور ترقی یافتہ طرز فکر کے ساتھ ہی ٹیچر ایسے لوگوں کی شخصیت نکھار سکتے ہیں جو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے کام کریں۔

S/B 2100 Prez Teachers

ہمارے نامہ نگار نے ایوارڈ حاصل کرنے والے کچھ اساتذہ سے بات کی جنھوں نے اپنے اختراعی طرزِ فکر اور تکنیک سے طلباء کیلئے تدریس کے عمل کو سہل بنا دیا۔

S/B 2100 Final Vox-Pop Awards

## PM Solar Energy

گذشتہ دس سال میں بھارت کی شمسی توانائی کی صلاحیت میں 32 گنا اضافہ ہوا ہے اور اِس رفتار اور پیمانے پر ملک کو 2030 تک 500 گیگاواٹ غیر روایتی ایندھن کی صلاحیت حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پہلے بین الاقوامی شمسی فیسٹول سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ یہ دو روزہ فیسٹول نئی دلّی میں ہو رہا ہے۔جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے پچھلے کچھ برسوں میں گرین انرجی کے شعبے میں کئی محاذوں پر بڑی پیشرفت کی ہے اور وہ قابل تجدید توانائی کے شعبے میں پیرس میں کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے والا جی-ٹوینٹی کا پہلا ملک ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 2015 میں جو بین الاقوامی شمسی اتحاد قائم کیا گیا تھا، وہ ایک بڑے درخت کی شکل میں فروغ پا رہا ہے اور اِس سے پالیسی تیار کرنے اور اقدامات کرنے کیلئے تحریک حاصل ہو رہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ مختصر مدت کے اندر ہی اِس کی رکنیت نے 100 ملکوں کا سنگ میل طے کرلیا ہے۔x

## PM Talks Singapore

بھارت اور سنگاپور نے صحت ادویات، تعلیم اور ہنرمندی کے فروغ نیز ڈیجیٹل تکنیک کے شعبوں میں اشتراک کے چار مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ بھارت-سنگاپور سیمی کنڈکٹر کلیدی ساجھے داری کے شعبے میں بھی مفاہمت نامہ طے ہوا ہے۔ دونوں ملکوں نے اپنے تعلقات کو جامع کلیدی ساجھے داری کی سطح پر لے جانے سے بھی اتفاق کیا ہے جس سے مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی بھارت کی پالیسی کو مزید تقویت ملے گی۔ آج وزیر اعظم نریندر مودی اور سنگاپور کے اُن کے ہم منصب Lawrence Wong کے درمیان وفود کی سطح کی بات چیت کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔ سنگاپور میں بات چیت کے دوران، دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ طرفین

نے باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کو مزید وسعت دینے پر زور دیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارتی معیشت میں تقریباً 160 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ سنگاپور، بھارت کا ایک سرکردہ اقتصادی ساجھے دار ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ سنگاپور نہ صرف ایک ساجھے دار ہے بلکہ ہر ترقی پذیر ملک کیلئے تحریک کا باعث بھی ہے۔

S/B 2100 PM Modi on Singapre

وزیر اعظم نریندر مودی نے سنگاپور کی سیمی کنڈکٹر کمپنیوں کو بھارت میں SEMICON INDIA نمائش میں حصہ لینے کیلئے مدعو کیا جو اِس مہینے گریٹر نوئیڈا میں ہونے والی ہے۔

S/B 2100 PM Semi Conductor

## Lucknow Rajnath Singh

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے مسلح افواج کے اعلیٰ کمانڈروں پر زور دیا ہے کہ وہ روس-یوکرین لڑائی، اسرائیل-حماس تنازعے اور بنگلہ دیش کی موجودہ صورتحال جیسے حالات وواقعات کا تجزیہ کریں اور کسی بھی طرح کے ناگہانی چیلنجوں کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہیں۔ اعلیٰ سطح کے فوجی کمانڈروں کی میٹنگ کے دوسرے اور آخری دن وزیر دفاع نے لکھنؤ میں کمانڈروں کی کانفرنس کی صدارت کی۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب راجناتھ سنگھ نے کہا کہ بھارت ایک امن پسند ملک ہے اور مسلح افواج کو امن برقرار رکھنے کی خاطر کسی بھی طرح کے ناگہانی حالات کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہنے کی ضرورت ہے۔کانفرنس کے موضوع ''سشکت اور سرکشت بھارت، مسلح افواج کی کایا پلٹ'' کی مناسبت سے جناب راجناتھ سنگھ نے ایک مشترکہ فوجی نظریہ مرتب کرنے اور اُن مختلف چیلنجوں کیلئے تیار رہنے کی اہمیت پر زور دیا جن کا ملک کو مستقبل کی جنگوں میں سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ساتھ ہی انھوں نے اشتعال انگیزی کی صورت میں تیزی کے ساتھ مربوط اور معقول جوابی کارروائی پر بھی زور دیا۔ وزیر دفاع نے ''نوآبادیاتی طور طریقے اور مسلح افواج، ایک جائزہ'' کے عنوان سے ایک پبلی کیشن کے ساتھ ای-گرنتھالیہ اور ای-میوزیم سمیت 8 اختراعی Applications کا آغاز بھی کیا۔x

## RS Members Oath

راجیہ سبھا چیئرمین جگدیپ دھنکڑ نے آج ایوان بالا کے نو منتخب شدہ ممبران کو حلف دلایا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں حلف لینے والے ممبران میں مرکزی وزیر Ravneet Singh Bittu، بی جے پی رہنما Manan Kumar مشرا اور ممتا موہنتا، راشٹریہ لوک مورچا کے رہنما اُپیندر کشواہا اور NCP رہنما نتن لکشمن راؤ جادھو شامل تھے۔ x

## Mumbai RBI

ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر شکتی کانت داس نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ بھارت کی شرح ترقی بلا رکاوٹ آگے بڑھ رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ سینٹرل بینک کی جانب سے مالی سال 2025 کیلئے GDP کی سات اعشاریہ دو فیصد کی شرح ترقی حقیقت پسندانہ ہے۔ انھوں نے یہ بات، ممبئی میں FIBAC دو ہزار چوبیس کی سالانہ

کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

2100- Shakti Kanta Das-RBI

جناب داس نے کہا کہ اس بات کے معقول Data موجود ہیں جو ظاہر کرتے ہیں کہ ترقی کو رفتار دینے والے بنیادی عوامل رفتار پکڑ رہے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارتی معیشت، شرحِ ترقی اور افراط زر کے درمیان سازگار توازن کو برقرار رکھتے ہوئے macro economic اور مالی استحکام کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ x

## FSDC-Mumbai

مالی استحکام اور ترقیاتی کونسل سے متعلق ذیلی کمیٹی کی میٹنگ آج ممبئی میں ہوئی، جس کی صدارت ریزرو بینک کے گورنر شکتی کانت داس نے کی۔ اِس میٹنگ میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا SEBI، بھارت کی بیمہ انضباطی اور ترقیاتی اتھارٹی، پنشن فنڈ انضباطی اور ترقیاتی اتھارٹی نیز مالی خدمات سے متعلق بین الاقوامی مراکز سے متعلق اتھارٹی کے سربراہوں نے شرکت کی۔اِس میٹنگ میں بڑے عالمی اور اندرونِ ملک میکرو اقتصادی اور مالی حالات وواقعات کا جائزہ لیا گیا جو مالی استحکام پر اثر انداز ہوسکتے ہیں۔ اِس کے علاوہ بھارتی مالی شعبے میں بین انضباطی تال میل پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔x

## Goyal Samagam

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے زور دے کر کہا ہے کہ کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے اور ملک کو ایک ترقی یافتہ قوم بنانے کی راہ ہموار کرنے کیلئے مقامی سطح پر اصلاحات بہت اہم ہیں۔ جناب گوئل، نئی دلّی میں ادیوگ سماگم 2024 کی صدارت کر رہے تھے۔ 16 ریاستوں کے صنعت اور کامرس کے وزراء اور دیگر ریاستوں کے سینئر حکام نے اس ایک روزہ کانفرنس میں شرکت کی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کاروبار کرنے کیلئے ایک ہی مقام پر تمام سہولیات کی حقیقی اور معقول دستیابی، کاروبار کرنے کے عمل کو آسان بنانے کی کلید ہے۔ مسابقت، تال میل اور تعاون کا منتر دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ پیچیدہ عمل اور طویل کاغذی کارروائی سے سرمایہ کاروں کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔

## J&K 3rd Phase

بھارتی انتخابی کمیشن نے جموں وکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے آج انتخابی نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ اسمبلی انتخابات کے تیسرے اور آخری مرحلے میں کپواڑہ، بارہمولہ، باندی پورا، اودھم پور، کٹھوا، سامبا اور جموں ضلعوں کی کُل 40 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔کشمیر ڈویژن میں انتخابی عمل کے تیسرے مرحلے میں 16 اسمبلی حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 12 ستمبر ہے اور اس کے اگلے دن یعنی 13 ستمبر کو کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی، جبکہ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 17 ستمبر ہے۔ مذکورہ اسمبلی حلقوں میں یکم اکتوبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ x

## Haryana Assemble Elections

ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ سابق نائب وزیر اعلیٰ Dushyant چوٹالہ نے آج نامزدگی داخل کرنے کے پہلے دن Uchana حلقے سے جن نائک جنتا پارٹی کے امیدوار کے طور پر اپنے پرچے بھرے۔ پنچکلہ اسمبلی حلقے سے بھی ایک امیدوار نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ نامزدگیاں داخل کرنے کی آخری تاریخ 12 ستمبر ہے جبکہ اِس مہینے کی 16 تاریخ تک نام واپس لئے جاسکیں گے۔x

## Centre Onion

پیاز کی قیمتیں بڑھنے کے تناظر میں مرکزی سرکار نے دلّی قومی راجدھانی خطے اور ممبئی میں 35 روپے فی کلو گرام کی رعایتی شرح پر پیاز کی خردہ فروخت شروع کردی ہے۔ قومی امدادِ باہمی صارفین فیڈریشن، قومی زرعی امدادِ باہمی مارکیٹنگ فیڈریشن، ای-کامرس پلیٹ فارمز اور کیندریہ بھنڈار اور SAFAL کے مراکز پر نیز چلتی پھرتی گاڑیوں کے ذریعے یہ پیاز فروخت کی جائے گی۔دلّی قومی راجدھانی خطے میں 38 مقامات پر موبائل وین کے ذریعے پیاز فروخت کی جارہی ہے۔ اِدھر صارفین کے امور، خوراک اور تقسیم عامہ محکمے کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے قومی راجدھانی میں کرشی بھون میں موبائل وینس کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ صارفین کو کم قیمت پر پیاز دستیاب کرانے کی خاطر سرکار کے Buffer اسٹاک سے پیاز جاری کی جارہی ہے۔

## Kerala HC

کیرالہ ہائی کورٹ نے جسٹس ہیما کمیٹی کی رپورٹ سے متعلق کیسوں کی سماعت کیلئے ایک خصوصی بینچ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مذکورہ کمیٹی نے ملیالم فلم صنعت میں خواتین کو درپیش مختلف معاملات کی جانچ کی تھی۔ قائم مقام چیف جسٹس محمد مشتاق اور جسٹس S Manu پر مشتمل ایک ڈویژن بینچ نے کہا کہ بینچ میں ارکان کی حیثیت سے خاتون ججوں کو شامل کیا جائے گا۔ یہ ڈویژن بینچ کمیٹی کی رپورٹ کے کچھ حصے جاری کئے جانے کے خلاف ایک فلم پروڈیوسر کی دائر کردہ ایک اپیل پر غور کر رہی تھی۔x

## Govt Insurance Company

آندھراپردیش اور تلنگانہ میں شدید بارش اور سیلاب کے مدنظر مرکزی وزارتِ خزانہ نے سرکاری ملکیت کی بیمہ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی بھرپور مدد کریں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت نے کہا ہے کہ بیمہ کمپنیوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ خصوصی کیمپوں کا انعقاد کرکے اور دعووں کو نمٹانے کے عمل کو سہل بنا کر متعلقہ دعووں کو تیزی کے ساتھ نمٹائیں۔ بیمہ کمپنیوں سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اُن Nodal افسروں کے ناموں اور رابطہ نمبروں کو وسیع پیمانے پر مشتہر کریں جن سے پالیسی رکھنے والے افراد رجوع کرسکیں۔ خزانے کی وزارت نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار نے قدرتی آفت سے متاثرہ لوگوں کی مدد کرنے اور اِس بات کو یقینی بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے کہ انھیں جلد سے جلد ضروری امداد مل جائے۔x

## Paralympics

پیرس پیرالمپکس 2024 میں بھارت کے Judo کھلاڑی کپل پرمار نے پیرا جوڈو میں مردوں کے 60 کلو گرام J-One زمرے میں برازیل کے Elielton de Oliveira کو ہرا کر کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ پیرالمپکس کی تاریخ میں بھارت کیلئے اس مقابلے کا یہ پہلا تمغہ ہے۔ یہ میچ صرف 33 سیکنڈ میں ختم ہوگیا۔

اس وقت بھارتی ٹیم تمغوں کی درجہ بندی میں 5 سونے کے، 9 چاندی کے اور 11 کانسے کے تمغوں سمیت کُل 25 تمغے جیت کر 14 ویں مقام پر ہے۔ ہرویندر سنگھ اور پوجا Jatyan، کانسے کے تمغے کے مقابلے میں Slovenia کے Zeva Lavrinc اور Dejan Fabcic کی جوڑی سے ہار گئے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆